خبر نامہ ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی

☆ صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری کا ایک کتابچہ ''دولت میں خدا کا حق'' بہت پہلے سے شائع ہو رہا ہے۔ نظر ثانی کے بعد اس کا نیا ایڈیشن مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے طبع ہوا ہے۔ صفحات ۲۴، قیمت -/۱۰ روپے۔ مولانا کی کتاب ''مسلمان خواتین کی ذمہ داریاں'' کا مکمل ترجمہ ۲۰۰۲ء میں شائع ہوا تھا۔ اب اس کا دوسرا ایڈیشن منظر عام پر آیا ہے۔

☆ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن فریدی کی انگریزی کتاب LIVING AS A MUSLIM IN A PLURAL SOCIETY موجودہ دور کے ایک اہم موضوع سے بحث کرتی ہے۔ کئی سال قبل اسے اسلامک فاؤنڈیشن ٹرسٹ چنئی نے شائع کیا تھا۔ اب اسلامک مراٹھی پبلی کیشنز ممبئی نے اس کا مراٹھی ترجمہ شائع کیا ہے۔ صفحات: ۸۰، قیمت -/۱۶ روپے۔

☆ ۱۵-۱۶/ جولائی ۲۰۰۶ء کو جامعہ ہمدرد نئی دہلی کے کنونشن ہال میں ''مدارس اسلامیہ- پیغام انسانی کانفرنس'' منعقد ہوئی۔ اس میں مسلمانوں کی مشہور دینی تعلیم گاہوں، اداروں اور جماعتوں کی نمائندگی تھی۔ ارکانِ ادارہ مولانا سلطان احمد اصلاحی اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے اس میں شرکت کی۔ مولانا اصلاحی نے ''احیائے امت میں مدارس کا بنیادی کردار'' اور ڈاکٹر ندوی نے ''صفۂ مدینہ- سرچشمۂ علم وفن'' کے موضوعات پر مقالات پیش کیے۔

☆ تحقیقاتِ اسلامی کے اگلے شمارے کے ساتھ اس کی اشاعت کو پچیس سال مکمل ہو جائیں گے۔ اس مناسبت سے ان شاء اللہ اسے خصوصی شمارہ کی حیثیت سے شائع کیا جائے گا۔ اس کے مشتملات درج ذیل ہوں گے:

- ادارۂ تحقیق وتصنیفِ اسلامی اور مجلّہ تحقیقات اسلامی کی خدمات کا تعارف، از مولانا سید جلال الدین عمری
- فہرست سازی کے فن میں مسلمانوں کی خدمات- ایک تاریخی جائزہ، از ڈاکٹر جمشید احمد ندوی
- اسلامیات کے اہم اردو رسائل ومجلّات کے اشاریے، از ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی
- ادارۂ تحقیق اور مجلّہ تحقیقاتِ اسلامی کے بارے میں اہل علم کے تاثرات
- تحقیقات اسلامی کا پچیس سالہ موضوعاتی اشاریہ، از ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی

یہ شمارہ ان شاء اللہ دستاویزی اہمیت کا حامل ہوگا۔ ایجنسی مالکان سے گزارش ہے کہ اضافی تعداد سے جلد مطلع فرمائیں۔ (ادارہ)